10 جون 2022ء

## مئی 2022ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- مئی 2022ء میں 2.3 ارب ڈالر کی ترسیلاتِ زر کی آمد کے ساتھ کارکنوں کی ترسیلاتِ زر نے جون 2020ء سے مسلسل 2 ارب ڈالر سے زائد کی سطح پر رہنے کا سلسلہ برقرار رکھا ہے۔
- نمو کے لحاظ سے ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ بنیاد پر 25.4 فیصد اور سال بسال بنیاد پر 6.9 فیصد کمی ہوئی، جس سے بڑی حد تک عید کے بعد معمول کے مطابق موسمی کمی اور اس کی طویل چھٹیوں کی عکاسی ہوتی ہے۔
- مالی سال 22ء کے ابتدائی 11 مہینوں میں ترسیلاتِ زر 6.3 فیصد (سال بسال) نمو کے ساتھ مجموعی طور پر 28.4 ارب ڈالر رہیں۔

مئی 2022ء میں ترسیلاتِ زر کے اہم ذرائع میں سعودی عرب (542 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (435 ملین ڈالر)، برطانیہ (354 ملین ڈالر) اور امریکہ (233 ملین ڈالر) شامل ہیں۔

*******